106488-کیا رمضان میں فوت شدہ والد کی طرف سے روزے رکھے؟

سوال

میرے والد رمضان کی تین تاریخ کو فوت ہوئے ہیں، تو کیا مجھ پر ان کی طرف سے رمضان کے روزوں کو مکمل کرنا واجب ہے؟ یعنی میں ان کی طرف سے بقیہ 27 دنوں کے روزے رکھوں گا؟

پسندیدہ جواب

"آپ کے ذمے کچھ بھی نہیں ہے؛ کیونکہ جب آپ کے والد فوت ہو گئے تو ان سے روزوں کی فرضیت بھی ساقط ہو گئی۔ اس لیے آپ کے ذمے نہیں ہے کہ آپ ان کی طرف سے روزے رکھیں، نہ ہی یہ آپ کے لیے شرعاً جائز ہو گا۔" ختم شد

فضیلۃ الشیخ عبد العزیز بن باز رحمہ اللہ

"مجموع فتاوی ومقالات متنوعۃ" (15/376)

واللہ اعلم